Rampur State Gazette.

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پُرنور دام اقبالہم وملکہم

نمبر ۳	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۱۷ ربیع الثانی ۱۳۳۷ھ مطابق ۲۰ جنوری ۱۹۱۹ء	جلد ۳۱

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
۱	بحالی نسیم الزمان خان	۱
۲	رخصت ... سید مقبول احمد صاحب	۲
۳	تقرر خان بہادر سید قاسم علی صاحب	۲
۴	تقرر منشی محمود حسن	۲
۵	انتقال ... یعقوب خان ...	۲

نقل حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پُرنور دام اقبالہم وملکہم

بحالی

۱۱ جنوری ۱۹۱۹ء

بنظر پرورش نسیم الزمان خان کا قصور معاف فرما کر انکی اصلی جگہ اور تنخواہ پر تاریخ کارکردگی سے بحال فرمایا گیا۔ سید محمد داؤد جو نسیم الزمان خان کی جگہ کام کر رہے تھے اور اجلاس ہمایون کے مستقل ملازم تھے اپنی جگہ موجودہ تنخواہ ... روپیہ ماہوار پر واپس ہوئے -

روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

واقع ۱۲ر جنوری سنہ ۱۹۱۹ء

مولوی سید مقبول احمد صاحب ممبر بورڈ آف آڈٹ کی رخصت ایک سال بلا تنخواہ من ابتداء ۱۵ر جنوری سنہ ۱۹۱۹ء منظور کیجاتی ہے۔ دیگر ممبران بورڈ آف آڈٹ اُنکے چارج لے لین۔

حکم ہوا کہ

احکام ضابطہ جاری ہون۔

روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

واقع ۱۳ر جنوری سنہ ۱۹۱۹ء

آڈٹ مین مولوی سید مقبول احمد صاحب کی جگہ انتظام طلب ہے۔

لہذا حکم ہوا کہ

خان بہادر سید قاسم علی صاحب بشاہرہ دوسو روپیہ ماہوار ممبر بورڈ آف آڈٹ مقرر ہون۔ صدر سے احکام ضابطہ جاری کئے جائین۔

نقل حکم اجلاس صاحب ہوم سکریٹری بہادر

تقرر

۴ر جنوری سنہ ۱۹۱۹ء

منشی محمود الحسن کا تقرر بعہدہ نائب پیشکاری سررشتہ تعلیم بجائے سید احمد حسین پیشکار سررشتہ تعلیم بوجہ ضعیفی پیشکار مذکور بشاہرہ پچیس روپیہ ماہوار از تنخواہ مشارالیہ اجلاس ہمایون سے منظور ہوا۔

نقل حکم اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

تقرر

۱۱ر جنوری سنہ ۱۹۱۹ء

یعقوب خان عہدہ شاہ آباد بشاہرہ پندرہ روپیہ ماہوار کی جگہ کا بوجہ فوتی حسب ذیل انتظام ہوا۔

۱- بجائے متوفی سید محمد محسن معاون عہدہ بشاہرہ سولہ روپیہ ماہوار اپنی موجودہ تنخواہ پر عہدہ شاہ آباد مقرر ہوئے۔

۲- بجائے معاون عہدہ تجمل حسین خان داماد یعقوب خان متوفی جو سررشتہ باغات مین دس روپیہ ماہوار کے ملازم تھے بشاہرہ بارہ روپیہ ماہوار معاون عہدہ مقرر ہوئے۔

۳- بجائے تجمل حسین خان داروغہ باغات [illegible] محسن [illegible] بشاہرہ دس روپیہ ماہوار داروغہ باغات مقرر ہوئے۔

۴- تجمل حسین خان کے تقرر کے بعد جو عہدہ متوفی کی تنخواہ سے تین روپیہ بچے وہ حسب قواعد ترکس معاون عہدہ داران کی تنخواہون مین اضافہ ہوئے۔

مظفر حسین خان معاون عہدہ — محمد عبدالمجید خان معاون عہدہ — اکبر علی خان معاون عہدہ

مطبع ریاست رامپور مین چھپکر شائع ہوا

نقشہ نرخنامہ اجناس ریاست رامپور من ابتدائے ۹ لغایت ۱۵ جنوری ۱۹۱۹ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۴ مار	۴ مار	۴ مار	۴ و ۴ مار	۴ مار		نقشہ نرخنامہ تحصیل ٹانڈہ تاحال نہیں آیا
نخود خالص	۰۵ مار	۵ مار	۵ مار	۵ مار	۵ مار		
نخود کشتہ آمیز	۵۰ مار	۵ مار	۵۰ مار	۵ مار	۵۰ مار		
کنہ	۶ مار	۰	۶ مار	۵۰ مار	۶ مار		
ماش	۲ مار	۳۰ مار	۳ مار	۳ مار	۳ مار		
مونگ	۲ مار	۲۰ مار	۳ مار	۲۰ مار	۳ مار		
مکا	۵۰ مار	۵ مار	۵۰ مار	۵۰ مار	۶ مار		
جئی	۷ مار	۰	×	۰	۷ مار		
گوجئی	۰	۰	۵ مار	۰	۶ مار		
عدس	۵۰ مار	۰	۵ مار		۵۰ مار		
ارہر	۵۰ مار	۰	۶ مار	۰	۷ مار		
برنج	۴ مار	۴ مار	جنگلی ۳ مار، بگہنہ ۴ مار	۴ مار	۴ مار		
روغن زرد	۰ مار	۰ مار	۰ مار	۰ مار	۰ مار		
روغن سیاہ	۱ مار	۱ مار	۱ مار	۱ مار	۱ مار		
روغن کنجد	۰ مار	۱ مار	۱ مار	۰	۰ مار		
نمک سانبھر	۱۲ مار	۹ مار	۱۰ مار	۸۰ مار	۹ مار		
نمک لاہوری	۷ مار	۰	۶ مار	۶ مار	۷ مار		
قند سیاہ	۵ مار	۵ مار	۶ مار	۴۰ مار	۵۰ مار		
باجرہ	۴ مار	۴۰ مار	۵ مار	۵ مار	۵ مار		